ٹاؤن میونسپل کارپوریشن (گلبرگ)

محکمہ (اطلاعات)

مورخہ 16 جنوری 2025

پریس ریلیز

مورخہ 16 جنوری 2025

گلبرگ ٹاؤن انتظامیہ کا ایک اور احسن قدم سرکاری اسکولوں میں کئے جانے والے انقلابی اقدامات و اصلاحات پر کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ تعلیمی اصلاحات کا پروگرام متعارف کرا رہے ہیں اس سلسلے میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، ایجوکیشن آفس میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس کا آغاز تلاوت قران کریم اور نعت رسول مقبول سے ہوا اس موقع پر چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب ہم نے حلف اٹھایا تو کام بہت سارے تھے میونسپل سروسز بنیادی کام تھا جو کہ ہماری ذمہ داری تھی ہم نے محدود وسائل میں عوام کو سہولیات مہیا کرنی تھی ہماری ترجیحات صحت اور تعلیم تھی ریاست پاکستان کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو صحت اور تعلیم مفت فراہم کی جائے مگر ہماری یہ بدقسمتی ہے کہ ہمیں یہ میسر نہیں۔ جب لوگوں کو تعلیم نہ ملے تو وہ شعور کی کس منزل پہ کھڑے ہوں گے اور کیا معاشرہ تشکیل دیں گے اسکولوں کو پرائیویٹائز کر دیا گیا اور تعلیم کو طبقات میں بانٹ دیا گیا یہ وہ نظام ہے جو ہم تبدیل کر رہے ہیں ہم نے اسکولوں کے انفرا سٹرکچر کو درست کیا اور تدریسی عمل میں اصلاحات کیں جو ماضی میں کمی رہ گئی تھی، تعمیراتی کام کروائے، صاف پانی کی فراہمی کو ممکن کیا، بچوں کے بیٹھنے کا انتظام کیا، بچوں کو مفت کتابیں فراہم کیں اور محکمہ تعلیم کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں۔ اساتذہ کی رہنمائی کی ہم Digital Learning Space سسٹم کا قیام عمل میں لا رہے ہیں تا کہ اساتذہ کو جدید طرز تعلیم سے متعارف کرائیں تا کہ وہ بچوں تک منتقل ہو اس موقع پر سابقہ ٹاؤن ناظم فاروق نعمت اللہ نے کہا کہ ہمارا کام اپنی ذمہ داری پوری کرنا ہے جب منتخب بلدیاتی نمائندوں نے کام کا آغاز کیا تو اسکول، ٹیچر، بچے سب موجود تھے مگر نظام کے بدحالی کا شکار تھا ہم نے سب سے پہلے اسکول کے انفرا سٹرکچر کو درست کیا۔ تدریسی و غیر تدریسی عملے کے ساتھ نشستیں کیں۔ اساتذہ کا ٹائم ٹیبل ترتیب دیا گیا تمام اسکولوں کے سلیبس مرتب کیا تا کہ ہم اپنی قوم کے معماروں کو بہترین تعلیمی نظام میسر کر سکیں تا کہ ہمارا مستقبل روشن ہو اس موقع پر پروفیسر معروف بن رؤف نے کہا کہ میں یہاں ان لوگوں سے مخاطب ہوں جن کا سلوگن ہے تعلیم سے تعمیر تک گلبرگ ٹاؤن ہمارے یہاں مختلف تعلیمی نظام موجود ہے یہ نظام تعلیم ہمیں تربیت نہیں سکھاتا ہمیں تعلیمی نظام میں تبدیلیوں کی ضرورت ہے یہ ڈیٹا سائنس کی دنیا ہے یہاں ہمیں صحیح منصوبہ بندی کی ضرورت ہے ہمیں تعلیمی اصلاحات کی ضرورت ہے تا کہ ہم اپنے بچوں کو بہتر تعلیم و تربیت کر سکیں اس موقع پر ڈائریکٹر ایجوکیشن ندیم حنیف نے کہا کہ جب ہم نے اصلاحات کا پروگرام سوچا تو یہ اتنا آسان نہیں تھا ہم گراؤنڈ لیول تک گئے اس میں تمام لوگوں نے اپنا کردار ادا کیا تمام محکمہ تعلیم کا تعاون حاصل رہا اور ہم سب مل کر اس نظام کو بدل رہے ہیں اس وقت گلبرگ ٹاؤن کا محکمہ تعلیم تمام ٹاؤنز میں سرفہرست ہے جو ہم سب کی مشترکہ محنت کا ثمر ہے اس موقع پر وائس چیئرمین محمد الیاس، میونسپل کمشنر عبدالحمید سہاگ، سابقہ کراچی پریس کلب کے سیکریٹری شعیب احمد خان، یوسی چیئرمین / وائس چیئرمین تعلیمی کمیٹیاں، ڈپٹی ڈائریکٹرز ایجوکیشن، اساتذہ اور میڈیا نمائندگان بھی موجود تھے۔

انچارج انفارمیشن

گلبرگ ٹاؤن